**فوری ریلیز کے لیے:** 8/6/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

**گورنر HOCHUL سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 2 پروجیکٹ کے بڑے تعمیراتی مرحلے کا سنگِ بنیاد رکھے جانے پر مسرور**

***گورنر نے MTA قیادت کے ساتھ ٹنل بورنگ مشین کی لانچ سائٹ کے لیے سنگِ بنیاد رکھا***

***فیز 1 سے سیکھے گئے اسباق کے نتیجے میں لاگت کی مد میں $1 بلین کی بچت؛ پروجیکٹ جزوی طور پر کنجیسچن پرائسنگ سے حاصل آمدنی سے فنڈ کیا گیا ہے***

***پہلی بار تجویز کیے جانے کے تقریباً ایک صدی بعد، سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 2 سے مشرقی ہارلم کے روزانہ کے 100,000 مسافروں کے لیے ایک نیا ٹرانزٹ رابطہ فراہم کیا جائے گا***

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority, MTA) کی قیادت، منتخب عہدیداروں اور ہارلم کمیونٹی کے رہنماؤں کے ساتھ انقلابی تبدیلی لانے والے سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 2 (Second Avenue Subway Phase 2) پروجیکٹ کے بڑے تعمیراتی مرحلے کا سنگِ بنیاد رکھا۔ یہ سنگِ بنیاد اس مقام پر رکھا گیا جہاں 2027 کے اوائل میں، جدید ترین ٹنل بورنگ مشین (Tunnel-Boring Machine, TBM) کو زمین میں اتارا جائے گا اور وہ 120 اسٹریٹ اور سیکنڈ ایونیو سے 125 اسٹریٹ اور میلکم X بولیوارڈ تک نئی سب وے سرنگوں کی کھدائی شروع کرے گی۔

گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ اپریل میں پروجیکٹ کے لیے وفاقی فنڈنگ دوبارہ شروع ہونے کے بعد، MTA نے اس فیز کے اُس آخری سرنگ والے حصے کی تعمیر کے لیے اگلا بڑا معاہدہ ایوارڈ کر دیا ہے، جو 105 اسٹریٹ سے 110 اسٹریٹ تک ہو گا اور جس میں مستقبل کا 106 اسٹریٹ اسٹیشن بھی شامل ہے، نیز اس میں "کٹ اینڈ کور (cut and cover)" طریقہ استعمال کیا جائے گا۔ MTA کی جانب سے اس پروجیکٹ کے فیز 1 سے سیکھے گئے اسباق استعمال میں لائے جا رہے ہیں تاکہ $1 بلین سے زائد کی بچت مہیا کی جا سکے اور وہ جدید یوٹیلیٹی منتقلیوں کو جلد مکمل کرنے کی راہ پر گامزن ہے جس کے نتیجے میں اس پروجیکٹ پر زیرِ التوا کام اصل شیڈول سے چھ ماہ پہلے شروع ہو سکے گا۔

"سیکنڈ ایونیو سب وے مشرقی ہارلم کے لیے سب کچھ بدل کر رکھ دے گی، یہ لوگوں کا قیمتی وقت بچائے گی اور ایسے مواقع ممکن بنائے گی جو لوگوں کی کثیر تعداد کے لیے بہت طویل عرصے سے پہنچ سے باہر رہے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "مشرقی ہارلم میں سیکنڈ ایونیو سب وے کے لیے آخری سنگِ بنیاد 54 سال پہلے رکھا گیا تھا، مگر بعد میں یہ پروجیکٹ ترک کر دیا گیا تھا اور یہ کمیونٹی پیچھے رہ گئی تھی۔ جب میں گورنر بنی، تو میں نے وعدہ کیا تھا کہ میں وہ رہنما بنوں گی جو آخرکار یہ کام مکمل کروائے گی، اور اس پروجیکٹ کے بڑے تعمیراتی فیز کا سنگِ بنیاد رکھ کر، ہم تقریباً ایک صدی سے زیرِ تعمیر خواب کو حقیقت میں بدلنے کے بہت زیادہ قریب آ گئے ہیں۔"

جدید ترین متغیر کثافت والی ٹنل بورنگ مشینز اگلے سال کے اوائل میں فراہم کی جائیں گی۔ ڈیڑھ ملین پاؤنڈز سے زیادہ وزن رکھنے والی یہ مشینیں 23 فٹ کے ٹنگسٹن کاربائیڈ کٹر ہیڈز سے لیس ہیں۔ TBM سامنے آنے والے مواد کی نوعیت کے مطابق اپنے کام کے طریقے میں ردوبدل کر سکتی ہے، اور سخت چٹان کے لیے ایک قسم کی ڈرل اور نرم مٹی یا ریت کے لیے دوسری قسم کی ڈرل پر منتقل ہو سکتی ہے۔ TBM ہارلم کے نیچے سے گزرنے پر اپنے

پیچھے رہ جانے والی سرنگ کی اندرونی تہہ کو بھی مضبوط بناتی ہے۔ TBM کو 120 اسٹریٹ سائٹ سے لانچ کیا جائے گا اور یہ 125 اسٹریٹ اور میلکم X بولیوارڈ تک جائے گی۔

فیز 2 پروجیکٹ پر آج کے اس سنگِ میل کے متوازی، گورنر Hochul (ہوکل) اور MTA Q ٹرین کے ایک ممکنہ اگلے فیز کے دائرہ کار اور ڈیزائن پر بھی پہلے ہی کام کر رہے ہیں، جو 125ویں اسٹریٹ کے ساتھ مغرب کی طرف براڈوے تک جائے گا جس میں تین نئے اسٹیشنز اور روزانہ سفر کرنے والے 160,000 سے زائد مسافر شامل ہوں گے۔ گورنر کی جانب سے 2024 میں اعلان کردہ MTA کی فزیبلٹی اسٹڈی کی تکمیل کے بعد، اس سال کے مالی سال 2027 کے نافذ شدہ ریاستی بجٹ میں سرنگ کی توسیع کی ابتدائی انجینئرنگ اور ڈیزائن، اور ایک مؤثر ماحولیاتی جائزے کے عمل کی منظوری کے لیے $25 ملین مختص کیے گئے تھے۔ اگر پروجیکٹ میں پیش رفت ہوئی، تو فیز 2 کے ہی زیادہ تر سازوسامان کو استعمال کرتے ہوئے بغیر رکاوٹ سرنگ پر کام جاری رہ سکے گا، جس سے وقت اور رقم کی بچت ہو گی۔

سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 2 کو، فیز 1 کے 10 معاہدوں کے مقابلے میں، چار معاہدوں میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ پروجیکٹ کی کارکردگی بڑھائی جا سکے اور ٹھیکیداروں کے درمیان پیچیدہ رابطہ کاری کو کم کیا جا سکے۔ سرنگ کی کھدائی معاہدہ 2 کا حصہ ہے، جس کی مالیت $1.97 بلین ہے، اور اس میں TBM کے لیے شافٹ کی کھدائی، مستقبل کے اسٹیشنز کے لیے کنٹرولڈ بلاسٹنگ، اور 1970 کی دہائی کی موجودہ سرنگوں میں ایسبیسٹوس اور سیسے کا خاتمہ شامل ہے۔ آج سنگِ بنیاد رکھے جانے کے موقع پر، MTA اور گورنر Hochul (ہوکل) نے فیز 2 کے ایک اور بڑے حصے پر پیش رفت کا اعلان کیا: معاہدہ 3 کی تفویض۔ معاہدہ 3 کے تحت نئے 106 اسٹریٹ اسٹیشن کے بنیادی ساختی حصے اور متعلقہ سرنگ کی تعمیر مکمل کی جائے گی، جس کے ذریعے اسٹیشن کے شمالی اور جنوبی جانب موجود سرنگوں کو ملایا جائے گا اور توقع ہے کہ ٹھیکیدار آنے والے مہینوں میں اس پر کام شروع کرے گا۔ مکمل سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 2 پروجیکٹ کا بجٹ $6.968 بلین ہے اور یہ 2032 میں ریونیو سروس کے لیے مقررہ راستے پر گامزن ہے۔

**MTA کے چیئر اور CEO Janno Lieber (جینو لیبر) نے کہا،** "80 سال پہلے یعنی ایک پوری زندگی کے برابر وقت پہلے انہوں نے سیکنڈ ایونیو ایل کو گرانا شروع کیا تھا۔ آج کا سنگِ بنیاد مشرقی ہارلم کے لیے ٹرانزٹ کے انصاف کی جانب ایک اور بڑا قدم ہے، جو شہر میں ٹرانزٹ پر سب سے زیادہ انحصار کرنے والی کمیونٹی ہے۔"

**MTA کنسٹرکشن اینڈ ڈویلپمنٹ کے صدر Jamie Torres-Springer (جیمی ٹوریس اسپرنگر) نے کہا،** "نیا MTA مشرقی ہارلم کمیونٹی تک سب وے سروس لانے کے دیرینہ وعدے کو پورا کر رہا ہے۔ فیز 1 سے سیکھے گئے اسباق کو استعمال میں لاتے ہوئے، ہم اس پروجیکٹ کو بہتر، تیز تر، اور کم لاگت میں انجام دے رہے ہیں جس سے اب تک $1 بلین سے زائد کی بچت ہوئی ہے۔"

**فیز 1 سے حاصل شدہ لاگت کم رکھنے کی حکمت عملیوں کا استعمال**
اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس کو بہتر انداز میں، زیادہ تیز رفتاری سے، اور کم ترین لاگت پر مکمل کرنے کے حوالے سے MTA کے عزم کے حصے کے طور پر فیز 2 کے معاہدوں میں سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 1 سے سیکھے گئے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔

یوٹیلیٹی کی منتقلی کے لازمی تقاضوں کو قبل از وقت حل کرنے سے، تعمیراتی پیشرفت پر سامنے آنے والے غیر متوقع اخراجات یا تاخیر کا امکان کم کرنے میں مدد ملتی ہے، جو خاص طور پر نیو یارک شہر میں اہم ہے کہ جہاں دنیا کے سب سے پیچیدہ زیرِ زمین یوٹیلٹی نیٹ ورکس میں سے ایک نیٹ ورک موجود ہے، جس کا بیشتر حصہ غیر نقشہ بند ہے۔

فیز 2 میں لاگت کم رکھنے کے مزید اقدامات میں شامل ہیں: سیکنڈ ایونیو کے ساتھ 110 اسٹریٹ سے 120 اسٹریٹ تک 1970 کی دہائی میں تعمیر شدہ سرنگ کے ایک حصے کو دوبارہ استعمال کرنا، ریئل اسٹیٹ کا پیشگی حصول، نئے معاہدہ جاتی ڈھانچوں کو اختیار کرنا، جیسے بہترین قدر، کارکردگی پر مبنی معاہدے، ڈیزائن بلڈ، معاہدوں میں قریبی رابطہ کاری، اور پس منظر کی جگہوں، ثانوی جگہوں، اور اسٹیشنز کے سائز میں کمی کرنا۔

مجموعی طور پر، ان اقدامات سے $1 بلین سے زائد کی بچت ہوئی ہے۔

**مشرقی ہارلم کے لیے بہتر ٹرانزٹ کی فراہمی**
مشرقی ہارلم تاریخی طور پر سہولتوں سے محروم ایک علاقہ رہا ہے، جہاں ریاستہائے متحدہ میں کم لاگت رہائش گاہوں کی سب سے زیادہ تعداد پائی جاتی ہے اور جہاں 70 فیصد رہائشی ٹرانزٹ پر انحصار کرتے ہیں۔ فیز 2 کے تحت کمیونٹی کے عین وسط میں یعنی 106 اسٹریٹ، 116 اسٹریٹ اور 125 اسٹریٹ پر تین نئے قابلِ رسائی اسٹیشنز بنائے جائیں گے اور مشرقی ہارلم سے اپر ایسٹ سائیڈ، ویسٹ مڈ ٹاؤن اور کونی آئی لینڈ تک گاڑی بدلے بغیر براہِ راست سفر فراہم کیا جائے گا جس کے نتیجے میں سفر کا وقت 20 منٹ تک کم ہو جائے گا۔

سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 2 پروجیکٹ سے ہزاروں ملازمتیں پیدا ہوں گی جن میں یونین اجرت والی تعمیراتی ملازمتیں شامل ہیں۔ اس پروجیکٹ کے لیے 20 فیصد مقامی بھرتی کے ہدف سے مشرقی ہارلم کے سینکڑوں رہائشیوں کے لیے اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔
مشرقی ہارلم سے ایک طویل عرصے سے سیکنڈ ایونیو پر ایک نئے سب وے رابطے کا وعدہ کیا جاتا رہا ہے۔ 1920 کی دہائی میں، سیکنڈ سسٹم (Second System) کی تجویز میں سیکنڈ ایونیو پر سروس شامل تھی، جو بالآخر IND سب وے سسٹم بنا۔ 1948 میں، نیو یارک شہر کے ووٹرز نے سیکنڈ ایونیو سب وے تعمیر کرنے کے لیے بانڈنگ کی منظوری دی، جو کورین جنگ کے آغاز کے بعد نتیجتاً تعمیر نہ ہو سکی تھی۔ 1972 میں، بالآخر مشرقی ہارلم میں اس لائن پر تعمیر کا آغاز ہوا تھا، لیکن 1975 میں شہر کے مالیاتی بحران کے دوران اسے ترک کر دیا گیا تھا۔ 1970 کی دہائی میں تعمیر کیے گئے سرنگ کے حصوں کو فیز 2 میں مطابقت پذیر بنایا اور استعمال میں لایا جائے گا، جن میں 116 اسٹریٹ اسٹیشن کے لیے حصے بھی شامل ہیں۔

**فیز 2 کے بارے میں**
اس پروجیکٹ کے دوسرے فیز میں Q ٹرین سروس کو 96 اسٹریٹ سے شمال کی طرف 125 اسٹریٹ تک، اور پھر 125 اسٹریٹ پر مغرب کی طرف پارک ایونیو تک توسیع دی جائے گی، جو مجموعی طور پر تقریباً 1.5 میل کا فاصلہ بنتا ہے۔ اس کے تحت لیگزنگٹن ایونیو سب وے لائن پر موجودہ 125 اسٹریٹ سب وے اسٹیشن کے ساتھ مسافروں کا ایک براہِ راست رابطہ بھی ہو گا۔ فیز 2 میں پارک ایونیو پر ایک داخلی دروازے کی خصوصیت بھی شامل ہو گی تاکہ میٹرو-نارتھ ریل روڈ کے ہارلم-125 اسٹریٹ اسٹیشن تک آسان منتقلی ممکن ہو سکے۔

ہر اسٹیشن میں زمین سے اوپر معاون عمارتیں ہوں گی جن میں وینٹیلیشن، مکینیکل، اور برقی آلات موجود ہوں گے، اس کے ساتھ گراؤنڈ فلور پر ممکنہ ریٹیل اور کمیونٹی کے استعمال کے لیے بھی جگہ ہو گی۔ یہ توسیع فیز 1 کے ساتھ مل کر روزانہ 300,000 مسافروں کو خدمات فراہم کرے گی، اور تین نئے ADA قابلِ رسائی اسٹیشنز فراہم کرے گی، جس سے صارفین کے آرام اور سہولت کا معیار بلند ہو گا۔ پارک ایونیو پر 125 اسٹریٹ اسٹیشن میں 4، 5، 6 لائنز، میٹرو نارتھ، اور لاگارڈیا ایئرپورٹ کے لیے M60 سلیکٹ بس سروس کے ذریعے بہتر ملٹی ماڈل ٹرانزٹ رابطے سے دیگر سب وے اور مسافر ریل لائنز تک سہولت بخش منتقلی ممکن بنائی جائے گی، اور شہر اور میٹروپولیٹن خطے بھر میں زیادہ رواں اور تیز تر سفر میں مدد ملے گی۔

**امریکی سینیٹر Charles Schumer (چارلس شومر) نے کہا،** "آج کا سنگِ بنیاد، سیکنڈ ایونیو سب وے کے فیز ٹو کے لیے ایک اور تعمیراتی معاہدے کے ایوارڈ کے ساتھ، ہمیں نیو یارک میں آمد و رفت کی مساوات اور بہترین معیار حاصل کرنے کے مزید قریب کرتا ہے۔ یہ پروجیکٹ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ مشرقی ہارلم کو ملازمتوں، نگہداشتِ صحت، خاندان، اور دیگر ضروری خدمات تک زیادہ رسائی حاصل ہے جبکہ ٹریفک کے رش اور سب وے کے ہجوم میں کمی اور ہوا کے معیار میں بہتری لائے گا۔ نمائندہ Adriano Espaillat (ایڈریانو ایسپیات) اور گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کے ساتھ شانہ بشانہ کام کرتے ہوئے، میں نے اس انقلابی تبدیلی لانے والے پروجیکٹ کو آگے بڑھانے کے لیے وفاقی فنڈنگ میں $3.4 بلین حاصل کیے، جو اس وقت تاریخ کی سب سے بڑی کیپٹل انویسٹمنٹ گرانٹ تھی۔ جب تعمیر مکمل ہو جائے گی، تو نیو یارک کے 300,000 سے زائد شہری تقریباً دو میل کی نئی پٹری، چھ نئے اسٹیشنز، اور ایک مکمل طور پر تجدید یافتہ اسٹیشن سے فائدہ اٹھائیں گے۔"

**امریکی سینیٹر Kirsten Gillibrand (کرسٹن جیلیبرانڈ) نے کہا،** "نیو یارک کے شہریوں نے سیکنڈ ایونیو سب وے توسیع کا ایک طویل عرصے تک انتظار کیا ہے، جس سے سفر کے اوقات میں کمی آئے گی، ملازمت کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، اور مشرقی ہارلم میں ضروری ٹرانزٹ کے روابط فراہم کیے جائیں گے۔ مجھے فخر ہے کہ MTA کی بدولت 1$ بلین سے زائد کی بچت ہو رہی ہے اور پروجیکٹ کے کچھ حصے مقررہ شیڈول سے پہلے آگے بڑھ رہے ہیں۔ یہ اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس ہماری معیشت کی جان ہیں اور وہ محفوظ، قابلِ اعتماد، اور قابلِ رسائی عوامی ذرائع آمد و رفت کا نظام فراہم کریں گے جس کے ہمارے مسافر اور خاندان حقدار ہیں۔"

**امریکی نمائندہ Adriano Espaillat (ایڈریانو ایسپیات) نے کہا،** "مشرقی ہارلم ایک طویل عرصے سے ذرائع آمد و رفت کے حوالے سے ایک محروم علاقہ رہا ہے، جہاں رہنے والے نیو یارک کے 100,000 سے زائد شہریوں کو اس شہر میں سب وے تک رسائی حاصل نہیں تھی، حالانکہ ہمارے پاس ملک کا نمایاں ترین ماس ٹرانزٹ نظام موجود ہے۔ جب میں کانگریس میں آیا، تو میں نے 106ویں اور 116ویں اسٹریٹ پر سیکنڈ ایونیو سب وے اسٹاپس کی تعمیر، اور 125ویں اسٹریٹ سے رابطے کو ترجیح دی تھی۔ کمیونٹی اور کانگریس میں کئی برسوں کی محنت کے بعد، آج کا دن اس نئی سب وے کی فراہمی کے لیے ہماری کامیاب کوشش میں ایک اور سنگِ میل ہے، جو ایک ایسے تصور کو حقیقت بناتا ہے جو کئی دہائیوں سے رکا ہوا تھا۔ میں گورنر Hochul (ہوکل)، لیڈر Schumer (شومر)، لیڈر Jeffries (جیفریز)، Janno Lieber (جینو لیبر)، مقامی دفاتر میں اپنے ساتھیوں، اور بے شمار دیگر افراد کے مشترکہ عزم اور کوششوں کے لیے شکرگزار ہوں۔ امید ہے کہ میں رہنماؤں کے اس اتحاد کے ساتھ کام جاری رکھوں گا تاکہ ہم اپنی موجودہ کوششوں کو وسعت دے سکیں اور اس بات کو یقینی بنا سکیں کہ یہ تاریخی پروجیکٹ ایل باریو میں ہمارے پڑوسیوں کے لیے زیادہ تنخواہ والی، ہنرمند ملازمتوں میں تبدیل ہو، اور مناسب حفاظتی اقدامات نافذ کیے جا سکیں تاکہ وہ مستقبل کے تعمیراتی کام کے دوران آرام سے رہیں، اور ان کے لیے اس علاقے میں رہنا اور ترقی کرنا ممکن ہو جسے وہ جانتے ہیں، جس سے محبت کرتے ہیں، اور جس کی نمائندگی کرتے ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر José M. Serrano (خوسے ایم سیرانو) نے کہا،** "میں سیکنڈ ایونیو سب وے پروجیکٹ کے طویل انتظار کے بعد آنے والے اگلے فیز کے سنگِ بنیاد پر بہت خوش ہوں۔ 29ویں سینیٹ ڈسٹرکٹ کے سینیٹر کے طور پر، جو جنوبی برونکس اور مشرقی ہارلم کی کمیونٹیز کی نمائندگی کرتا ہے، میں اس اہم سرمایہ کاری کا طویل عرصے سے حامی رہا ہوں، جو نیو یارک شہر بھر کے رہائشیوں اور مسافروں کے لیے نہایت ضروری ہے۔ گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل)، کانگریس کے اراکین، اور ہمارے وفاقی شراکت داروں اور اس کے ساتھ محکمہ برائے ذرائع آمد و رفت (Department of Transportation) کا بہت شکریہ کہ انہوں نے اس پروجیکٹ کے فیز 2 میں ضروری منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے کام کیا۔"

**ریاستی سینیٹر Cordell Cleare (کارڈیل کلیئر) نے کہا،** "اپنے حلقے کے عوام کی جانب سے، مجھے یہ جان کر حوصلہ ملا ہے کہ سیکنڈ ایونیو سب وے کا فیز 2 آخرکار ٹرانزٹ مساوات اور جدید اپ گریڈز فراہم کرنے کے لیے مقررہ راستے پر ہے، جن کے ہمارے دیرینہ رہائشی پوری طرح حقدار ہیں۔ اس پروجیکٹ کے لیے مسلسل عزم پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ اور میں سب پر زور دیتی ہوں کہ ہم اپنی اجتماعی کوششوں کو دوبارہ دوگنا کریں تاکہ صرف سرنگیں ہی نہیں بلکہ کمیونٹی کی خوشحالی اور معیارِ زندگی کے راستے بھی بنائے جا سکیں۔"

**رکن اسمبلی Edward Gibbs (ایڈورڈ گبز) نے کہا،** "مشرقی ہارلم نے سیکنڈ ایونیو سب وے کے لیے ایک صدی سے زیادہ انتظار کیا ہے۔ ہم نے دیکھا کہ منصوبے بنے اور ختم ہو گئے، وعدے کیے گئے اور توڑ دیئے گئے، اور مواقع کے سلسلے میں ہماری کمیونٹی کو نظر انداز کر دیا گیا۔ آج کا سنگِ بنیاد اس بات کا ثبوت ہے کہ اس بار معاملہ مختلف ہے۔ کئی نسلوں میں پہلی بار، رہائشی اس پروجیکٹ کو اپنی آنکھوں کے سامنے ایک شکل اختیار کرتے دیکھ سکتے ہیں اور جان سکتے ہیں کہ ٹرانزٹ کی مساوات کا وعدہ آخرکار حقیقت بن رہا ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس پروجیکٹ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی خاطر اپنا عزم جاری رکھا۔"

**رکن اسمبلی Jordan J.G. Wright (جارڈن جے جی رائٹ) نے کہا،** "ہارلم میں سیکنڈ ایونیو سب وے کے لیے آج کا سنگِ بنیاد صرف ایک تعمیراتی سنگِ میل نہیں ہے؛ یہ ہماری کمیونٹی کے وقار، نقل و حرکت، اور معاشی مستقبل میں ایک طویل عرصے سے التوا کا شکار سرمایہ کاری ہے۔ بہت طویل عرصے سے، ہارلم کے رہائشیوں نے ٹرانزٹ کی محدود رسائی کا بوجھ اٹھایا ہے جبکہ اس شہر کی زندگی میں بہت زیادہ حصہ ڈالا ہے۔ میں گورنر

Kathy Hochul (کیتھی ہوکل)، ریاستی مقننہ میں اپنے شراکت داروں، اپنے شہری حکام، اپنے وفاقی وفد، کمیونٹی بورڈز، مزدور یونینز، حامیوں، اور ہر اُس اسٹیک ہولڈر کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جس نے اس دن کو ممکن بنانے کے لیے جدوجہد کی ہے۔ ہم مل کر وہ جدید، قابلِ اعتماد ذرائع آمد و رفت فراہم کر رہے ہیں جس کا ہارلم حقدار ہے۔"

**مینہیٹن بورو کے صدر Brad Hoylman-Sigal (بریڈ ہوئل مین سیگل) نے کہا،** "سیکنڈ ایونیو سب وے کا فیز 2 ہارلم، مشرقی ہارلم، واشنگٹن ہائٹس، اور پورے بالائی مینہیٹن کے مستقبل میں کئی نسلوں پر محیط ایک سرمایہ کاری ہے۔ ایک طویل وقت سے، مینہیٹن کے بہت سے رہائشی ذرائع آمد و رفت کے تیز اور قابلِ اعتماد اختیارات سے محروم رہے ہیں۔ یہ توسیع مڈ ٹاؤن اور زیریں مینہیٹن کے مرکز تک بغیر گاڑی بدلے سفر فراہم کرے گی، جس سے ہر طرف سفر کے اوقات 20 منٹ تک کم ہوں گے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور MTA کے چیئر Janno Lieber (جینو لیبر) کا دل سے شکرگزار ہوں کہ انہوں نے اس پروجیکٹ کی حمایت کی اور اس میں سرمایہ کاری کی، اور رکن کانگریس Adriano Espaillat (ایڈریانو ایسپیات) کا بھی شکرگزار ہوں، جنہوں نے اسے حقیقت بنانے کے لیے درکار وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے کی خاطر برسوں تک وکالت کی۔ یہ ٹرانزٹ، قابل استطاعت قیمتوں اور مواقع میں بالکل ویسی ہی سرمایہ کاری ہے جس کا نیو یارک کے شہری حق رکھتے ہیں۔"

**سٹی کمپٹرولر Mark Levine (مارک لیوین) نے کہا،** "سیکنڈ ایونیو سب وے کے اگلے فیز سے مشرقی ہارلم اور اپ ٹاؤن مینہیٹن کی معیشتوں کو مضبوط کرنے کے ایک کثیر پہلو نقطۂ نظر کی عکاسی ہوتی ہے، نہ صرف ان نتائج کے ذریعے سے جو یہ پروجیکٹ اپنی تکمیل پر حاصل کرنے کا متمنی ہے بلکہ بذات خود تعمیراتی کام کے ذریعے سے بھی۔ ایک نئی، قابلِ رسائی ٹرانزٹ لائن، 70,000 یونین ملازمتیں، اور $1 بلین سے زائد کی بچت یہ ظاہر کرتی ہے کہ حکومت میں موافقت پذیری اور کارکردگی کیسی نظر آ سکتی ہے۔ میں فیز 2 کے جلد شروع ہونے، اور اس کے نفاذ سے مزید قیمتی اسباق سیکھنے کا منتظر ہوں۔"

**کونسل کے اکثریتی لیڈر Shaun Abreu (شان ابرو) نے کہا،** "ایک صدی سے، بالائی مینہیٹن کو سیکنڈ ایونیو کے ایک بہت ضروری رابطے کا انتظار رہا ہے، اور اب گورنر Hochul (ہوکل) اسے مکمل کر رہی ہیں۔ ایک نئی لائن شروع ہونے سے روزانہ کے سینکڑوں ہزاروں مسافروں کے لیے آمد و رفت کی رسائی میں انقلابی تبدیلی پیدا ہو گی۔ ہم فیز 2 کی تعمیر شروع ہونے کے منتظر ہیں اور ایک مربوط ہارلم کے لیے گورنر کے بڑے وژن پر بہت خوش ہیں، جس میں مشرق سے مغرب تک رابطہ بھی شامل ہے!"

**رکن کونسل Yusef Salaam (یوسف سلام) نے کہا،** "آج کا دن، ایک مضبوط تر، زیادہ مربوط نیو یارک بنانے کی خاطر ہمارے عزم میں ایک اور بڑا سنگِ میل ہے۔ سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 2 پروجیکٹ سے مشرقی ہارلم کو وہ ٹرانزٹ رسائی حاصل ہو گی جس کا طویل عرصے سے انتظار تھا، نیو یارک کے ہزاروں شہری ملازمتوں اور مواقع سے جڑیں گے، اور کئی نسلوں سے کیا گیا وعدہ پورا ہو گا۔ فیز 1 سے سیکھے گئے اسباق کو استعمال میں لاتے ہوئے، ہم اس پروجیکٹ کو زیادہ مؤثر انداز میں آگے بڑھا رہے ہیں، ٹیکس دہندگان کے $1 بلین سے زائد بچا رہے ہیں، جبکہ اچھی تنخواہ والی یونین ملازمتیں پیدا کر رہے ہیں اور قابلِ اعتماد عوامی ذرائع آمد و رفت تک مساوی رسائی کو وسعت دے رہے ہیں۔ یہی وہ طریقہ ہے جس سے ہم ایک ایسا مستقبل تعمیر کرتے ہیں جو بہتر، تیز تر، اور نیو یارک کے ہر شہری کے لیے ہو۔"

**نیو یارک بلڈنگ کانگریس (New York Building Congress) کے صدر اور CEO Carlo A. Scissura (کارلو اے سیسورا)، Esq. نے کہا،** "تقریباً ایک صدی سے، مشرقی ہارلم کے رہائشیوں سے وعدہ کیا جاتا رہا ہے کہ ان کی کمیونٹی ہمارے ماس ٹرانزٹ نظام سے رابطے کے فوائد حاصل کرے گی۔ آج، گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل)، نمائندہ Adriano Espaillat (ایڈریانو ایسپیات) اور MTA کے ساتھ، بلڈنگ کانگریس کے اراکین اس وعدے کو حقیقت میں بدلنے کے لیے پروجیکٹ کے افتتاحی تعمیراتی مرحلے اور اس دور میں ٹنل بورنگ مشینوں کے کام شروع کرنے کے منتظر ہیں۔"

**گریٹر نیو یارک کی بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل ( Building and Construction Trades Council of Greater New York) کے صدر Gary LaBarbera (گیری لا بربرا) نے کہا،** "سیکنڈ ایونیو سب وے فیز 2 کا سنگِ بنیاد ٹرانزٹ کا ایسا جدید بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے میں ایک بڑا قدم ہے، جس کے نیو یارک کے شہری

حقدار ہیں، جبکہ اس عمل کے دوران خاندانوں کی کفالت کرنے والے، متوسط طبقے کے ہزاروں روزگار کے مواقع بھی پیدا کیے جائیں گے۔ یہ پروجیکٹ مشرقی ہارلم کے رہائشیوں کو شہر بھر میں ملازمت، تعلیم، نگہداشتِ صحت، اور مواقع سے منسلک کرے گا، جبکہ ہنرمند کاریگر مردوں اور خواتین کو اس اہم بنیادی ڈھانچے کی تعمیر پر کام کرنے کا موقع دے گا جو آئندہ نسلوں کی خدمت کرے گا۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل)، MTA، اور اپنے تمام شراکت داروں کو اس انقلابی تبدیلی لانے والی سرمایہ کاری اور اس کے نتیجے میں ہمارے شہر اور ریاست کے لیے پیدا ہونے والی معاشی ترقی میں پیش رفت کرنے پر سراہتے ہیں۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں